ماہنامہ نقیب ختم نبوت

امیر شریعت نمبر (جلد دوم)

ماہنامہ نقیب ختم نبوت (دار بنی ہاشم مہربان کالونی) ملتان اس سے قبل امیر شریعت حضرت سید عطاء اللہ شاہ بخاری نور اللہ مرقدہ کے حالات اور جدوجہد کے حوالہ سے امیر شریعت نمبر کی ایک ضخیم جلد پیش کر کے ملک بھر کے علمی ودینی حلقوں سے داد تحسین پا چکا ہے اور یہ اس کی دوسری جلد ہے جو پونے چھ سو صفحات پر مشتمل اور عمدہ کتابت وطباعت اور مضبوط جلد کے ساتھ مزین ہے' تذکرہ حضرت شاہ جیؒ کا ہے اور لکھنے والوں میں ماسٹر تاج الدین انصاریؒ' شیخ حسام الدینؒ' آغا شورش کاشمیریؒ' مولانا مجاہد الحسینی' سید عطاء المحسن بخاری' حکیم محمود احمد ظفر' ملک اسلم حیاتؒ' پروفیسر خالد شبیر احمد' حافظ عبدالرشید ارشد' حفیظ رضا پسروری اور جانباز مرزاؒ جیسے اہل قلم شامل ہیں۔ سید کفیل بخاری مبارک باد کے مستحق ہیں کہ وہ اپنے عظیم المرتبت نانا کے حالات زندگی کی صورت میں تاریخ کے ایک ناقابل فراموش باب سے نئی نسل کی شناسائی کا اہتمام کر رہے ہیں۔

ماہنامہ البنوریہ (حضرت جیؒ نمبر)

ماہنامہ البنوریہ (جامعہ بنوریہ' سائٹ کراچی) نے امیر تبلیغ حضرت مولانا انعام الحسن کاندھلوی نور اللہ مرقدہ کے حالات زندگی اور خدمات پر خصوصی اشاعت کا اہتمام کیا ہے جو علامہ سید سلمان ندویؒ' حضرت مولانا سید ابوالحسن علی ندوی' مولانا سید محمد ثانی حسنیؒ' مولانا مفتی احمد الرحمانؒ' مولانا محمد یوسف لدھیانوی' مولانا وحید الدین خان' مولانا تقی الدین ندوی' مولانا محمد رابع حسنی' مولانا محمود الحسن اعظمی' مولانا شمس الحق ندوی اور مفتی محمد جمیل خان جیسے اصحاب قلم کی نگارشات پر مشتمل ہے اور حضرت جیؒ کے حالات زندگی کے ساتھ ساتھ دعوت وتبلیغ کی عالمی تحریک کے اصول وطریق کار کے بارے میں بیش قدر معلومات کا احاطہ